سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ 'ڈکشنری کی دستاویز' میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# معاشی سرگرمیاں اور روزگار

## ECONOMIA I TREBALL

### گفتگو نمبر 1: بینک میں ایک اکاؤنٹ کھلوانا اور بینک کی عمومی خدمات استعمال کرنا

**Diàleg 1: Per obrir un compte en un banc o caixa i utilitzar els serveis més usuals**

### گفتگو نمبر 2: حکومتِ کتالونیا کے کام کی تلاش کے دفتر میں ۔کنٹریکٹ کا اختتام

**Diàleg 2: A l'Oficina de Treball de la Generalitat, per buscar feina (finalització de contracte)**

### گفتگو نمبر 3: حکومتِ کتالونیا کے کام کی تلاش کے دفتر میں ۔ بے روزگاری کی الاؤنس کے حصول کے لیے درخواست

**Diàleg 3: A l'Oficina de Treball de la Generalitat, per demanar la prestació d'atur**

### گفتگو نمبر 4: میں کام کر رہا ہوں لیکن میں اپنے کام کو تبدیل کرنا چاہتا ہوں ۔

**Diàleg 4: Estic treballant però m'agradaria canviar de feina**

### گفتگو نمبر 5: مجھے میرے کام سے نکال دیا گیا ہے جبکہ میں اس نظام یا ملنے والی رقم سے متفق نہیں ہوں

**Diàleg 5: M'han acomiadat de la feina i no estic d'acord amb el procediment o amb la liquidació**

### گفتگو نمبر 6: میں اپنا ذاتی کام کرنا چاہتا ہوں

**Diàleg 6: Vull muntar el meu propi negoci**

### گفتگو نمبر 7: میں ایک تربیتی کورس میں داخلہ لینا چاہتا ہوں۔

**Diàleg 7: Vull inscriure'm a un curs de formació**

## گفتگونمبر 1: بینک میں ایک اکاؤنٹ کھلوانا اور بینک کی عمومی خدمات استعمال کرنا

**گاہک** آداب، صبح کا سلام، میں ایک اکاؤنٹ کھلوانا چاہتا ہوں۔

**بینک ملازم** بہت اچھے، مجھے اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دیجیے، اس کے علاوہ مجھے اپنا پتا اور ٹیلیفون بھی بتائیں۔

اور یہاں دستخط کریں برائے مہربانی۔

اکاؤنٹ کھلواتے وقت آپ کتنے پیسے جمع کروانا چاہیں گے؟

**گاہک** جی میں اس وقت ۔۔۔۔ یورو جمع کروانا چاہتا ہوں

**بینک ملازم** جی بہتر، یہ رہی آپ کی کاپی

**گاہک** آٹو میٹک کیشئر (بینک مشین) سے اس کاپی کو استعمال کرنے کے لیے مجھے کیا کرنا ہوگا

**بینک ملازم** جی آپ کاپی کو وہاں استعمال کر سکتے ہیں، آپ کو ایک خفیہ نمبر دیا جائے گا جو آپ بینک میں جب بھی کاپی ڈالیں تو استعمال کریں گے۔ اس سے آپ رقم جمع بھی کروا سکتے ہیں نکال بھی سکتے ہیں اور اکاؤنٹ میں موجود رقم بھی دیکھ سکتے ہیں۔

**گاہک** کیا میں مختلف تجارتی مراکز پر خریداری بھی کر سکتا ہوں؟

**بینک ملازم** جی نہیں تجارتی مراکز پر خریداری کے لیے آپ کو **dèbit** کارڈ استعمال کرنا ہوگا۔ اس کارڈ کی سالانہ فیس ہوتی ہے، آپ اس کارڈ کو بینک مشین پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

**گاہک** کیا آپ مجھے اس مشین کا استعمال سکھا سکتے ہیں؟

**بینک ملازم** جی کیوں نہیں، میرے ساتھ آئیں سیکھنے کے لیے۔

## Diàleg 1: Per obrir un compte en un banc o caixa i utilitzar els serveis més usuals

**Client:** - Hola, bon dia. Vull obrir un compte.

**Banc/caixa:** - Molt bé. Deixi'm el seu NIF/NIE o passaport.

- També m'ha de dir la seva adreça i el telèfon.
- Signi aquí, si us plau.
- Quants diners hi vol posar, per obrir el compte?

**Client:** - De moment hi vull ingressar __ €.

**Banc/caixa:** - Molt bé.

- Aquí té la llibreta.

**Client:** - Per operar a través del caixer automàtic, com ho he de fer?

**Banc/caixa:** - Ho pot fer amb la llibreta. Li donem un número d'identificació secret que haurà d'introduir al caixer cada vegada que vulgui fer una operació. Podrà consultar el saldo, treure o ingressar diners les 24 hores del dia.

**Client:** - I per comprar als comerços també em serveix?

**Banc/caixa:** - Té un petit cost de manteniment anual. Amb la targeta també podrà operar als caixers automàtics.

**Client:** - Em pot ensenyar com funcionen els caixers?

**Banc/caixa:** - I tant! Acompanyi'm i li ho ensenyaré.

## گفتگونمبر 2: حکومتِ کتالونیا کے کام کی تلاش کے دفتر میں ۔کنٹریکٹ کا اختتام

مزدور،محنت کش: آداب، صبح کا سلام، میرے کام کا کنٹریکٹ ختم ہوگیا ہے اور میں اس وقت کام کے بغیر ہوں، میں یہ جاننے آیا ہوں کہ مجھے اب کیا کرنا چاہیے۔

OTG دفتر: صبح کا سلام، کام کی تلاش کے لیے آپ کو **Servei d'Ocupació de Catalunya** کتالونیا کی کام تلاش کے ادارہ میں بطور تلاش کنندہ اندراج کروانا ہوگا۔

مزدور،محنت کش: جی ٹھیک ہے

OTG دفتر: مجھے اپنے کوائف، ذاتی معلومات کے بارے میں بتائیں۔

مزدور،محنت کش: میرا نام ۔۔۔۔ ہے، میرا پتا ۔۔۔۔ ہے

OTG دفتر: آپ کی قابلیت کیا ہے؟

مزدور،محنت کش: جی میں ۔۔۔۔ جانتا ہوں (بڑھئی، باورچی، مستری، دفتری کام، وغیرہ)

OTG دفتر: اب تک آپ کتنا کام کر چکے ہیں ۔تجربہ کتنا ہے؟

مزدور،محنت کش: میں نے بہت سی فرموں میں کام کیا ہے۔

OTG دفتر: فکر مت کیجیے ہم آپ کے **CV** سے سب کچھ پتا کر لیں گے، آپ کی کس وقت کام کے لیے دستیابی ہے؟

مزدور،محنت کش: ٹھیک، جی میں پورا دن (8 گھنٹے) کام کر سکتا ہوں۔

OTG دفتر: جب ہم نے آپ کی معلومات کو محفوظ کر لیا تو آپ کا **CV** خود ہی کام تلاش کے محکمہ میں چلا جائے گا، بہتر ہوگا کہ آپ جب بھی کسی کام کے انتخاب کے لیے جائیں تو اپنا **CV** ساتھ لیتے جائیں۔

مزدور،محنت کش: مجھے نہیں معلوم یہ کام کیسے کرنا ہے؟

OTG دفتر: جی ابھی آپ کو تفصیل کے ساتھ طریقہ جات بتائے جائیں گے، ان کی مدد سے آپ کام تلاش کرنے کے مختلف مراحل اور طریقہ جات کو استعمال کر سکیں گے۔ کیا آپ کے پاس سابقہ فرم کا کوئی سفارشی خط **Carta de Recomanació** موجود ہے؟

مزدور،محنت کش: جی ہاں میرے پاس ایک موجود ہے۔

OTG دفتر: جی ٹھیک ہے آپ کی معلومات محفوظ کر دی گئی ہے چنانچہ، آپ کی معلومات کام تلاش کرنے کے ہر ادارے کے پاس پہنچ چکی ہے ہے جیسے ہی کوئی ایسا کام ملا جو آپ کی درج شدہ معلومات کے مطابق ہوا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا، آپ سے رابطہ فرم والے براہ راست بھی کر سکتے ہیں اور ہمارے ذریعہ سے بھی ۔اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ کے ساتھ رابطے کی معلومات درست ہو اور جب بھی ان میں کسی قسم کی تبدیلی ہو تو ہمیں فوراً مطلع کیا جائے۔

مزدور،محنت کش: جی بہتر جب بھی معلومات میں کوئی تبدیلی ہوئی تو میں آپ کو بتا دوں گا، کیا کوئی ایسا طریقہ ہے کہ میں خود کام کی تلاش کر سکوں؟

OTG دفتر: دیکھیں، اس میز پر عام لوگوں کے لیے کام کی پیش کشیں موجود ہیں، آپ ان کو دفتر کی اوقات میں آ کر دیکھ سکتے ہیں ۔اس کے علاوہ آپ ہماری ویب سائٹ **www.oficinatreball.cat** کے ذریعے کتالونیا بھر میں موجود خالی آسامیوں کی تلاش کر سکتے ہیں۔ آپ کو یہ بات بھی بتاتے چلیں کہ **SOC** سے ہم عوام کی تربیت اور تعلیم کے لیے مختلف پروگرامز کا انعقاد کرتے ہیں تاکہ کتالونیا میں کام تلاش کرنے والوں کی مدد کی جا سکے۔

مزدور،محنت کش: معلومات فراہم کرنے کا بہت شکریہ، پھر ملیں گے

OTG دفتر: خدا حافظ، یاد رہے کہ جس تاریخ کو لکھا ہے اس تاریخ کو آپ نے کام تلاش کے کاغذات کی تجدید بھی کروانی ہوگی۔

## Diàleg 2: A l'Oficina de Treball de la Generalitat, per buscar feina (finalització de contracte)

**Treballadora:** - Bon dia. M'he quedat sense feina i venia per saber què he de fer.

**OTG:** - Bon dia. Per trobar feina a través del Servei d'Ocupació de Catalunya, s'ha d'inscriure com a demandant d'ocupació.

**Treballadora**: - D'acord.

**OTG:** - M'ha de dir les seves dades personals i de contacte.

**Treballadora:** - El meu nom és... i la meva adreça és...

**OTG:** - Quins estudis ha fet?

**Treballadora:** - Doncs vaig fer de... (fuster, cuiner, paleta, administrativa, botiguera...).

**OTG:** - Quina experiència professional té?

**Treballadora:** - He treballat en moltes empreses.

**OTG:** - No es preocupi; reflectirem al seu currículum la seva experiència. Quina jornada estaria disposada a fer?

**Treballadora:** - Bé, podria fer jornada sencera.

**OTG**: - Quan tinguem les dades introduïdes, el seu CV entrarà en els processos d'intermediació laboral. És convenient que quan vagi a algun procés de selecció, porti també el seu CV com a presentació.

**Treballadora:** - No sé com fer-lo.

**OTG:** - Ara li facilitarem els mecanismes que pot fer servir, ja que en el SOC tenim un programa d'orientació professional on podrà trobar aquest ajut que necessita. Disposa d'alguna **carta de recomanació** de les empreses anteriors?

**Treballadora:** - Sí, aquí en tinc una.

**OTG:** - Bé, les seves dades estan introduïdes i per tant en aquests moments el seu CV pot participar en els processos d'intermediació laboral que es vagin desenvolupant. Si el seu perfil professional es correspon amb alguna de les ofertes que estem gestionant, sortirà seleccionat com a candidat per a aquella oferta, i l'empresa directament, o bé nosaltres, es posarà en contacte amb vostè per tal que pugui participar en els processos de selecció. És molt important, per a això, que les seves dades de contacte siguin correctes i que, quan hi hagi algun canvi, ens el comuniqui al més aviat possible.

**Treballadora:** - D'acord, els informaré de qualsevol canvi en les dades de contacte. Però hi ha alguna manera que jo em pugui interessar per ofertes de feina?

**OTG:** - Miri, en aquell tauler hi ha les ofertes de difusió pública, i pot accedir-hi en horari d'oficina. Però també pot accedir a la informació sobre ofertes de treball per a tot Catalunya a través de la pàgina d'Internet: **www.oficinatreball.cat** Aprofito per informar-la que des del SOC es fan diferents accions formatives i informatives adreçades a millorar l'ocupabilitat de les persones inscrites en el SOC com a demandants de feina.

**Treballadora:** - Gràcies per la informació. Fins una altra.

**OTG:** - Adéu. No oblidi que ha de renovar la seva demanda d'ocupació en la data que s'indica en aquest document.

## گفتگونمبر 3: حکومتِ کتالونیا کے کام کی تلاش کے دفتر میں۔ بے روزگاری کی الاؤنس کے حصول کے لیے درخواست

**مزدور،محنت کش** صبح بخیر، میرا کام کا کنٹریکٹ ختم ہوگیا ہے اور میں بے روزگاری کے دوران جو امداد دی جاتی ہے اس کی درخواست دائر کرنا چاہتا ہوں۔

**OTG دفتر** بہت اچھے، اس کے لیے سب سے پہلے آپ کو کام کی تلاش میں اپنا نام درج کروانا ہوگا، آپ کب سے کام کر رہے ہیں؟

**مزدور،محنت کش** 2 سال سے۔

**OTG دفتر** ٹھیک، اگر آپ 2 سال سے کام کر رہے ہیں تو آپ کا حق بنتا ہے کہ آپ بے روزگاری کے تحت مدد حاصل کرسکیں۔ لیکن اس کے لیے لازمی ہے کہ آپ کام کی تلاش کے رجسٹر میں اپنا نام لکھوائیں اس کے بعد آپ کو کسی دن کا ٹائم دیا جائے گا جب آپ محکمہ امداد کے میز پر جا کر وہ والی مدد حاصل کرسکیں گے۔ اس مدد کی درخواست کے ساتھ درج ذیل دستاویزات کا لگانا لازمی ہے۔

☆ ہر وہ دستاویز جو ظاہر کرے کہ آپ اس وقت آپ کوئی کام نہیں کر رہے

☆ اس فرم کا سرٹیفکیٹ جس میں آپ نے آخری 6 ماہ کام کیا ہے۔

☆ ٹیکس کی ادائیگی کی رسیدات اور آخری 180 دنوں کی تنخواہ کے ثبوت۔

☆ سیکورٹی سوشل میں درج ہونے کا سرٹیفکیٹ

☆ **OTG** کی طرف سے دیے گئے فارم میں اپنی فیملی کی آمد کے بارے معلومات

☆ **OTG** کی طرف سے دیا جانے والا فارم **compromís d'activitat**

☆ تارکینِ وطن کا شناختی کارڈ

☆ فیملی بک۔ اگر ہے تو

**مزدور،محنت کش** اگر میں یہ ساری دستاویزات جمع کروادوں تو اس کے منظور یا مسترد ہونے کا پتا کتنی دیر میں چلے گا۔

**OTG دفتر** اس کا فیصلہ آپ کا آپ کے گھر کے پتا پر ملے گا، اس میں آپ کو یہ بھی بتایا جائے گا کہ آپ یہ مدد کتنا عرصہ تک لے سکتے ہیں، آپ کی امداد کی رقم کیا ہوگی اور آپ کو کس دن سے ادائیگی شروع کی جائے گی۔ پہلی ادائیگی میں آپ کو 10 دن کم ملیں گے جبکہ آخری میں یہ 10 دن بھی شامل کر دیے جائیں گے۔

## Diàleg 3: A l'Oficina de Treball de la Generalitat, per demanar la prestació d'atur

**Treballador:** - Bon dia. Se m'ha acabat el contracte i vull tramitar la prestació d'atur.

**OTG:** - Molt bé. Primer s'ha d'inscriure com a demandant d'ocupació. Quant temps fa que treballa?

**Treballador:** - Dos anys.

**OTG:** - Doncs, si fa dos anys que treballa, tindrà dret a la prestació d'atur. Primer l'inscriuré com a demandant d'ocupació i després li donaré dia i hora perquè l'atenguin al Departament de Prestacions. Ha d'omplir la sol·licitud de prestació d'atur i presentar-la el dia que té la cita, juntament amb la documentació següent:

- Document acreditatiu de la situació legal d'atur.
- Certificats de les empreses en les quals hagi treballat els últims 6 mesos.
- Còpia dels documents oficials de cotització i salari dels últims 180 dies.
- Document d'identificació i afiliació a la Seguretat Social.
- Declaració de càrregues familiars i rendes segons el model que facilita l'OTG.
- Imprès de compromís d'activitat, segons el model que facilita l'OTG.

- DNI o NIE.
- Llibre de família, si escau.

**Treballador:** - Un cop hagi presentat tota la documentació, quan es triga a saber si l'han concedit?

**OTG:** - Rebrà al seu domicili la resolució, on també s'indica el període de temps reconegut, la base reguladora (el que cobrarà) i la data de pagament. En el primer pagament li retindran 10 dies, que li abonaran amb l'última mensualitat.

**Treballador:** - D'acord. Prepararé la documentació i vindré el dia que m'ha citat.

## گفتگو نمبر 4:  میں کام کر رہا ہوں لیکن میں اپنے کام کو تبدیل کرنا چاہتا ہوں۔

مزدور، محنت کش　صبح بخیر، میں کام کر رہا ہوں لیکن مجھے اپنا کام تبدیل کرنا ہے۔

**OTG** دفتر　صبح بخیر، کام کی تلاش کے لیے ضروری ہے کہ آپ کتالونیا کی کام تلاش کی سروس **(Servei d'Ocupació de Catalunya)**, میں اپنا اندراج کروائیں۔

مزدور، محنت کش　جی بہتر

**OTG** دفتر　مجھے آپ اپنے ذاتی کوائف اور اپنے گھر کا پتا بتائیں

مزدور، محنت کش　میرا نام ــــــ ہے اور میرے گھر کا پتا ــــــ ہے

**OTG** دفتر　آپ کی تعلیمی قابلیت کیا ہے؟

مزدور، محنت کش　جی میری تعلیم ــــــ ہے

**OTG** دفتر　آپ کا تجربہ کیا ہے؟

مزدور، محنت کش　جی میں نے کافی فرموں میں کام کیا ہے

**OTG** دفتر　فکر مت کیجیے ہم آپ کے کوائف نامہ سے سب کچھ پتا کر لیں گے، آپ کی کس وقت کام کے لیے دستیابی ہے؟

مزدور، محنت کش　ٹھیک، جی میں پورا دن (8 گھنٹے) کام کر سکتا ہوں۔

**OTG** دفتر　جب ہم نے آپ کی معلومات کو محفوظ کر لیا تو آپ کا **CV** خود ہی کام تلاش کے محکمہ میں چلا جائے گا، بہتر ہوگا کہ آپ جب بھی کسی کام کے انتخاب کے لیے جائیں تو اپنا کوائف نامہ **CV** ساتھ لیتے جائیں۔

مزدور، محنت کش　مجھے نہیں معلوم یہ کام کیسے کرنا ہے؟

**OTG** دفتر　جی ابھی آپ کو تفصیل کے ساتھ طریقہ جات بتائے جائیں گے، ان کی مدد سے آپ کام تلاش کرنے کے مختلف مراحل اور طریقہ جات کو استعمال کر سکیں گے۔ کیا آپ کے پاس سابقہ فرم کا کوئی **Carta de Recomanació** موجود ہے؟

مزدور، محنت کش　جی ہاں میرے پاس ایک موجود ہے۔

**OTG** دفتر　جی ٹھیک ہے آپ کی معلومات محفوظ کر دی گئی ہے چنانچہ، آپ کی معلومات کام تلاش کرنے کے ہر ادارے کے پاس پہنچ چکی ہے ہے جیسے ہی کوئی ایسا کام ملا جو آپ کی درج شدہ معلومات کے مطابق ہوا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا، آپ سے رابطہ فرم والے براہ راست بھی کر سکتے ہیں اور ہمارے ذریعہ سے بھی۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ کے ساتھ رابطے کی معلومات درست ہو اور جب بھی ان میں کسی قسم کی تبدیلی ہو تو ہمیں فوراً مطلع کیا جائے۔

مزدور، محنت کش　جی بہتر جب بھی معلومات میں کوئی تبدیلی ہوئی تو میں آپ کو بتا دوں گا، کیا کوئی ایسا طریقہ ہے کہ میں خود کام کی تلاش کر سکوں؟

**OTG** دفتر　دیکھیں، اس میز پر عام لوگوں کے لیے کام کی پیشکشیں موجود ہیں، آپ ان کو دفتر کی اوقات میں آ کر دیکھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ ہماری ویب سائٹ **www.oficinatreball.cat** کے ذریعے کتالونیا بھر میں موجود خالی آسامیوں کی تلاش کر سکتے ہیں۔ آپ کو یہ بات بھی بتاتے چلیں کہ **SOC**

سے ہم عوام کی تربیت اور تعلیم کے لیے مختلف پروگرامز کا انعقاد کرتے ہیں تا کہ کتالونیا میں کام تلاش کرنے والوں کی مدد کی جا سکے۔

مزدور، محنت کش معلومات فراہم کرنے کا بہت شکریہ، پھر ملیں گے

OTG دفتر خدا حافظ، یاد رہے کہ جس تاریخ کو لکھا ہے اس تاریخ کو آپ نے کام تلاش کے کاغذات کی تجدید بھی کروانی ہوگی۔

## Diàleg 4: Estic treballant però m'agradaria canviar de feina

**Treballadora:** - Bon dia. Estic treballant però m'agradaria canviar de feina.

**OTG:** - Bon dia. Per trobar feina a través del Servei d'Ocupació de Catalunya, s'ha d'inscriure com a demandant d'ocupació.

**Treballadora:** - D'acord.

**OTG:** - M'ha de dir les seves dades personals i de contacte.

**Treballadora:** - El meu nom és... i la meva adreça és...

**OTG:** - Quins estudis ha fet?

**Treballadora:** - Doncs vaig fer...

**OTG:** - Quina experiència professional té?

**Treballadora:** - Doncs he treballat en moltes empreses.

**OTG:** - No es preocupi, que reflectirem al seu currículum la seva experiència. Quina jornada estaria disposada a fer?

**Treballadora:** - Bé, podria fer jornada sencera.

**OTG:** - Quan tinguem les dades introduïdes, el seu CV entrarà en els processos d'intermediació laboral. És convenient que quan vagi a algun procés de selecció, porti també el seu CV com a presentació.

**Treballadora:** - No sé com fer-lo.

**OTG:** - Ara li facilitarem els mecanismes que pot fer servir, ja que el SOC té un programa d'orientació professional on podrà trobar aquest ajut que necessita. Disposa d'alguna carta de recomanació de les empreses anteriors?

**Treballadora:** - Sí, aquí en tinc una.

**OTG:** - Bé, les seves dades estan introduïdes i per tant en aquests moments el seu CV ja està participant en els processos d'intermediació laboral que es vagin desenvolupant. Si el seu perfil professional es correspon amb alguna de les ofertes, sortirà seleccionat com a candidat per a aquella oferta, i l'empresa directament, o bé nosaltres, es posarà en contacte amb vostè per tal que pugui participar en els processos de selecció. És molt important, per a això, que les seves dades de contacte siguin correctes i que, quan hi hagi algun canvi, ens el comuniqui al més aviat possible.

**Treballadora:** - D'acord, els informaré de qualsevol canvi en les dades de contacte. Però hi ha

alguna manera que jo em pugui interessar per ofertes de feina?

**OTG:** - Miri, en aquell tauler hi ha les ofertes de difusió pública, i pot accedir-hi en horari d'oficina. Però també pot accedir a la informació sobre ofertes de treball per a tot Catalunya a través de la pàgina d'Internet: **www.oficinatreball.cat** Aprofito per informar-la que des del SOC es fan diferents accions formatives i informatives adreçades a millorar l'ocupabilitat de les persones inscrites en el SOC com a demandants de feina.

**Treballadora:** - Gràcies per la informació. Fins una altra.

**OTG:** - Adéu. No oblidi que ha de renovar la seva demanda d'ocupació en la data que s'indica en aquest document.

## گفتگونمبر 5: مجھے میرے کام سے نکال دیا گیا ہے جبکہ میں اس نظام یا ملنے والی رقم سے متفق نہیں ہوں

| | |
|---|---|
| مزدور،محنت کش | شام بخیر، مجھے اس بارے علومات چاہیئں کہ مجھے کام سے نکال دیا گیا ہے جبکہ میں اس سے متفق نہیں ہوں۔ |
| مشورہ دان | بہت اچھے، سب سے پہلے مجھے اپنے حالات بتایئے اور مجھے اپنا کنٹریکٹ بھی دکھایئے، اپنی تنخواہ کی آخری رسیدیں اور کام سے نکالتے وقت جو رقم دی ہے اس کی دستاویز اور کام سے نکالتے وقت جو وجہ بتائی گئی وہ بھی |
| مزدور،محنت کش | جی میں سب کچھ لے کر آیا ہوں، یہ لیجیے۔ |
| مشورہ دان | میں نے دیکھا ہے کہ آپ کو درست ادائیگی نہیں کی گئی اور نہ ہی اضافی تنخوا ہیں دی گئی ہیں۔اس کے علاوہ مجھے دیکھنا ہوگا کہ آپ کا **conveni col·lectiu** ہے؟اور یہ بھی حساب لگانا ہوگا کہ آپ کو کام سے نکالتے وقت کتنے دنوں کا ہرجانہ دیا جا رہا ہے۔ |
| مزدور،محنت کش | میری فرم **conveni** معاہدے کے متعلق کچھ بھی نہیں جاننا چاہتی۔ |
| مشورہ دان | دیکھیے، صحیح طریقے سے ساری چیز کا جائزہ لیتے ہیں۔میرے خیال سے ہمیں یہ معاملہ سماجی عدالت میں لیجانا ہوگا کہ آپ کو بلا معقول وجہ کے نکالا گیا ہے یا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کام سے نکالتے وقت جو رقم دی جاتی ہے اس کا صحیح مطالبہ کیا جائے۔لیکن اس سے پہلے جو کام کرنا ہوگا وہ کتالونیا کے محکمہ محنت کے علاقائی خدمات کے ادارہ **(Serveis Territorials del Departament de Treball i Indústria)**میں مسئلہ کا افہام وتفہیم سے حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ |
| مزدور،محنت کش | یہ کیا چیز ہوتی ہے؟ |
| مشورہ دان | انتظامیہ کی طرف سے ایک وکیل آپ دونوں فریقین کے درمیان مسئلہ کو صلاح صفائی کے ساتھ حل کرائے اور آپ کو ملنے والے ہرجانے میں اضافہ کرایا جا سکے۔۔وغیرہ۔ |
| مزدور،محنت کش | کیا آپ میرے نمائندہ ہونگے |
| مشورہ دان | جی ہاں، آپ فکر مت کیجیے۔ جب آپ کا ٹائم آیا تو ہم آپ کو مطلع کر دینگے۔ |
| مزدور،محنت کش | جی ٹھیک ہے، بہت شکریہ۔ |

## Diàleg 5: M'han acomiadat de la feina i no estic d'acord amb el procediment o amb la liquidació

**Treballador:** - Bona tarda. Vull assessorament perquè m'han acomiadat de la feina i no hi estic d'acord.

**Assessoria laboral:** - Molt bé. Primer m'ha d'explicar la situació i m'ha d'ensenyar el contracte que li van fer, les nòmines i la liquidació, la indemnització que ofereix l'empresa i el motiu de l'acomiadament.

**Treballador:** - Ho porto tot. Tingui.

**Assessoria laboral**: - Veig que no li paguen la part proporcional de les vacances ni de les pagues extres. També haurem de mirar si té conveni col·lectiu i quants dies li toquen d'indemnització per l'acomiadament.

**Treballador:** - L'empresa no en vol saber res, del conveni.

**Assessoria laboral:** - A veure, anem per parts, pot ser que haguem de presentar una demanda davant el Jutjat Social per acomiadament improcedent, o bé una reclamació de quantitats perquè la indemnització o la liquidació no siguin correctes. En el primer cas prèviament s'ha de fer un acte de conciliació als Serveis Territorials del Departament de Treball i Indústria.

**Treballador:** - Què és això?

**Assessoria laboral:** - Un advocat de l'Administració fa de mediador entre l'empresa i el treballador amb el fi d'arribar a un acord en la liquidació i quitança o la indemnització o determinar si l'acomiadament és procedent o no.

**Treballador:** - Vostè em representarà?

**Assessoria laboral:** - Sí, no es preocupi. Ja l'avisaré quan tinguem la citació.

**Treballador:** - D'acord, moltes gràcies.

### گفتگونمبر 6: میں اپنا ذاتی کام کرنا چاہتا ہوں

خواہشمند صبح بخیر، میں اپنا ذاتی بزنس کرنا چاہتا ہوں، اس بارے رہنمائی درکار ہے کہ میں کیسے اپنی فرم بنا سکتا ہوں۔؟

**SCE** بہت اچھے، سب سے پہلے آپ کو اپنی فرم کا منصوبہ بنانا ہوگا

خواہشمند فرم کا منصوبہ کیا ہوتا ہے۔؟

**SCE** جی یہ آپ کے فرم بنانے کی **Pla d'empresa (Planning)** کا م ہے۔اس کے مختلف حصے ہوتے ہیں جو آپ کی فرم کو مکمل قانونی ضوابط کے ساتھ بنانے میں مددگار ہونگے اور آپ کی فرم کی اشیاء کو مارکیٹ میں متعارف کرانے کے مختلف طریقہ کار ہونگے، اس پر لگنے والی رقم کا مناسب بندوبست اور بہترین پلاننگ بھی

خواہشمند یہ سب مجھے بہت مشکل لگ رہا ہے

**SCE** نہیں ۔ یہ بہت زیادہ نہیں ہے۔اس بارے **Pla d'empresa** کا ایک ماڈل ہوتا ہے اس میں سب کچھ ترتیب کے ساتھ بتایا جاتا ہے اس کے بارے ہم بھی آپ کو مکمل تعاون دینگے۔

خواہشمند جی بہتر، کب آغاز کریں۔

**SCE** سے مراد کتالونیا کی فرم شروع کرنے میں مددگار ادارہ **Servei de Creació d'Empreses** ہے۔

### Diàleg 6: Vull muntar el meu propi negoci

**Interessada:** - Bon dia. Tinc una idea de negoci i voldria saber si és viable i com he de constituir la meva empresa.

**Servei de Creació d'Empreses:** - Molt bé. El primer que ha de fer és desenvolupar el pla d'empresa.

**Interessada:** - Què és el pla d'empresa?

**Servei de Creació d'Empreses:** - És el projecte de la seva empresa. Té diferents apartats que l'ajudaran a determinar la forma jurídica del seu negoci, avaluar el mercat per conèixer si el seu producte o negoci tindrà èxit, buscar fonts de finançament i fer una bona planificació.

**Interessada:** - Tot això sembla molt complicat.

**Servei de Creació d'Empreses:** - No, no ho és tant. Hi ha un model de pla d'empresa que li explica pas a pas el que ha de fer i nosaltres li donarem l'assessorament que necessiti.

**Interessada:** - D'acord, quan comencem?

### گفتگو نمبر 7: میں ایک تربیتی کورس میں داخلہ لینا چاہتا ہوں۔

خواہشمند — صبح بخیر، میں اس وقت بے روزگار ہوں، اور میں جاننا چاہتا ہوں کہ کام کی تربیت کے بارے کونسے کورس موجود ہیں ۔

**OTG** دفتر — بہت اچھے، سب سے پہلے میں یہ چیک کرلوں کہ آپ واقعاً ہی کام کی تلاش کے لیے درج شدہ ہیں ۔

خواہشمند — جی ٹھیک ہے

**OTG** دفتر — جی ہاں آپ کا نام درج ہے، اس وقت تربیت کے جو کورس موجود ہیں وہ یہ ہیں ۔۔۔۔

خواہشمند — جی لیکن جو کورس یہاں موجود ہیں ان میں کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو میرے سابقہ دور میں ہونے والے کاموں سے متعلق ہو۔

**OTG** دفتر — لیکن ان میں سے کچھ کورس ایسے بھی ہیں جن کے لیے آپ کو تجربہ کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ بعض دفعہ اس طرح کے تربیتی کورس کرنا آپ کے لیے فائدہ ہوسکتا ہے آپ کا تجربہ مزید زیادہ ہوگا اور آپ کو زیادہ مواقع مل سکتے ہیں ۔

خواہشمند — ان کورسوں کی کتنی قیمت ہے؟

**OTG** دفتر. — ان کورسوں میں حکومتی امداد شامل ہوتی ہے یعنی کہ آپ کو ان کی کوئی قیمت ادا نہیں کرنی

خواہشمند — جی بہت اچھے، مجھے لگتا ہے کہ میں اس کورس میں داخلہ لے لوں گا ۔

### Diàleg 7: Vull inscriure'm a un curs de formació

**Interessat:** - Bon dia. Estic a l'atur i voldria saber quins cursos de formació teniu en funcionament.

**OTG:** - Molt bé. Primer comprovaré que està inscrit com a demandant d'ocupació.

**Interessat:** - D'acord.

**OTG:** - Bé, sí que consta inscrit i d'alta com a demandant d'ocupació. L'oferta formativa que tenim en aquests moments és...

**Interessat:** - Però d'aquests cursos que m'indica, no n'hi ha cap que tingui res a veure amb les activitats professionals que he fet fins ara.

**OTG:** - Per a alguns cursos no necessita experiència prèvia. De vegades va bé ampliar la formació per tenir més oportunitats cap a altres branques professionals.

**Interessat:** - I quants diners costen els cursos?

**OTG:** - Els cursos són subvencionats i, per tant, sense cap cost per a vostè.

**Interessat:** - D'acord, doncs així em sembla que m'apuntaré a aquest curs.